موضع میرا (رانجھا) جہلم میں درسِ قرآن وحدیث

مورخہ ۲۲ جولائی بعد از نمازِ عصر موضع میرا میں مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے "توحید کیا ہے؟" کے عنوان پر درسِ قرآن دیا۔ اس درس کا اہتمام احتشام الحق صاحب نے کیا تھا۔ جس میں علاقہ بھر سے لوگوں نے شرکت کی درس سے قبل محمود مرزا جہلمی صاحب نے بھی مختصر خطاب کیا۔ آخر میں لوگوں کو سوالات کی دعوت دی گئی۔

پرائم کمپیوٹر کالج 10 سول لائن جہلم کا افتتاح

مورخہ 6 جولائی بروز جمعہ المبارک ساڑھے پانچ بجے سہ پہر پرائم کمپیوٹر کالج کا افتتاح مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے "قرآن اور عہد حاضر کے تقاضے" کے موضوع پر درس قرآن سے کیا۔ اس کمپیوٹر کالج کے ڈائریکٹر ہمارے جماعتی ساتھی عبدالرشید کیانی صاحب کے ہونہار فرزند عثمان رشید کیانی ہیں۔ جو جامعہ علوم اثریہ کے طلبہ کو فری کمپیوٹر کی تعلیم دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے اور ان کا اقبال مزید بلند فرمائے۔ آمین۔

زین جنرل سٹور اینڈ گفٹ سنٹر راجہ بازار جہلم کا افتتاح

مورخہ 5 جولائی بروز جمعرات کو زین جنرل اینڈ گفٹ سنٹر راجہ بازار نزد شاندار ہوٹل جہلم کا افتتاح مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے اسلامی اصولِ تجارت کے عنوان پر مختصر درس سے کیا۔ یہ جنرل سٹور ہمارے مرحوم جماعتی ساتھی محمد صدیق کے بیٹوں محمد شفیق اور محمد عتیق نے شیخ انوار ادریس کے تعاون سے شروع کیا ہے۔

وفیات

طارق محمود وطاہر محمود اور محمد سعید الیکٹریشن کو صدمہ

ہمارے جماعتی ساتھی محمد سعید الیکٹریشن کی ہمشیرہ اور طارق محمود وطاہر محمود کی والدہ مورخہ 6 جون بروز جمعرات کو وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحومہ کی نمازِ جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پنڈی خیرا (ملاحاں) میں پڑھائی۔ جس میں علاقہ بھر سے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

نومنتخب جنرل کونسلر محمد حنیف ڈار اور محمد رفیق ڈار کو صدمہ

حالیہ بلدیاتی الیکشن میں نومنتخب جنرل کونسلر محمد حنیف ڈار اور ڈار کلاتھ ہاؤس مین بازار جہلم کے محمد رفیق ڈار کی کزن رابعہ بی بی زوجہ محمد مرتضیٰ طویل علالت کے بعد برمنگھم (برطانیہ) میں انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی میت مورخہ ۲۷ جون کو لائی گئی۔ شام چھ بجے ان کی نمازِ جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔

ادارہ "حرمین" وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہلحدیث جہلم

مذکورہ بالا مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دل کی گہرائیوں سے دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی بشری غلطیوں اور صغیرہ کبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم